سوال

(1193) دوشیزاؤں کی مراسلہ نگاری کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

دوشیزاؤں کی مراسلہ نگاری کا کیا حکم ہے؟ اگر یہ مراسلات ادبی اور شعری کے ہوں تو کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر یہ خطوط غیر محرم مردوں کو لکھے جائیں، تو ان میں کئی فتنوں اور خطرات کا اندیشہ ہے۔ اس کے لیے جائز نہیں ہیں، خواہ یہ لڑکی ادیبہ اور شاعرہ ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ مصالح کی نسبت مفسدہ کو دور کرنا مقدم ہوتا ہے اور بہت سے مواقع پر نوجوان لڑکے لڑکیوں کی یہ خط وکتابت اور ان کا غلط تعارف برے نتائج کا باعث بنا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 845

محدث فتویٰ